سوال

میری ایک چچازاد جس کی عمر ستر برس ہے کیا میں اس کا پردے کے اوپر سے سر چوم سکتا ہوں یا اس سے مصافحہ کر سکتا ہوں کہ نہیں کیونکہ وہ بوڑھی ہے ؟

جواب

الحمدللہ

آپ کا اس کے سر کا بوسہ لینا یا اس سے مصافحہ وغیرہ کرنا جائز نہیں ، بلکہ آپ کے لیے یہ مشروع ہے کہ آپ اس سے کلام کے ذریعہ سلام کر سکتے ہیں چاہے وہ بوڑھی ہی ہے اس لیے کہ وہ آپ کی محرمات میں شامل نہیں ۔

اس میں کوئی حرج نہیں کہ آپ اسے یہ کہہ لیں آپ اور آپ کی اولاد کا کیا حال ہے یا اس طرح کی کوئی اور کلام ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا) ۔

اور یہ حدیث بوڑھی اور غیرہ بوڑھی عورتوں سب کو عام ہے ، اور عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ :

(اللہ تعالی کی قسم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ نے کبھی کسی عورت کے ہاتھ کو چھویا تک نہیں) یعنی غیر محرم عورتوں کے ہاتھ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان سے بیعت بھی زبانی کیا کرتے تھے ۔ .

اسلام سوال وجواب

10090